© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

ادارہ

☆ **مولانا محمد طفیل رشیدی رحمتہ اللہ علیہ:** قصور کے جید عالمِ دین مولانا محمد طفیل رشیدی ۸؍ جولائی ۲۰۱۶ء جمعۃ المبارک کو انتقال کر گئے۔ مرحوم خانوادہ امیر شریعت سے محبت و اخلاص والا تعلق رکھتے تھے۔ ۱۹۵۰ء کے عشرے میں جامعہ قاسم العلوم ملتان میں زیر تعلیم رہے، حضرت امیر شریعت رحمتہ اللہ علیہ کا گھر قریب ہونے کی وجہ سے ان کی مسلسل زیارت نصیب ہوئی۔ خصوصاً جس مسجد میں وہ نماز پڑھتے ''مسجد عائشہ'' مولانا محمد طفیل رحمتہ اللہ علیہ اس مسجد میں بھی رہے اور زندگی کا ایک طویل عرصہ ملتان میں گزارا۔ آپ کو تحریر و تقریر دونوں پر عبور حاصل تھا۔ لگی لپٹی بغیر دوٹوک بات کرنے والے کھرے انسان تھے۔ متعدد اصلاحی مضامین لکھے جو چھوٹے رسائل کی صورت میں شائع ہوتے رہے۔ ۱۹۵۳ء کی تحریک مقدس تحفظ ختم نبوت پر منیر انکوائری کمیشن نے جو رپورٹ شائع کی اس کے بعض حصے اپنے تبصروں کے ساتھ شائع کیے۔ مولانا مرحوم فکری و عملی طور پر احراری تھے۔ اور عمر بھر مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے۔ آپ کے فرزند مفتی محمد سفیان، ماشاء اللہ عالم باعمل ہیں۔ وہ موروثی طور مجلس احرار اسلام سے وابستہ اور جامعہ اشرفیہ لاہور کے دارالافتاء سے منسلک ہیں۔

مجلس احرار اسلام کے امیر مولانا سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ، نائب امیر سید محمد کفیل بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، سیکرٹری نشرو اشاعت میاں محمد اویس اور دیگر رہنماؤں نے مفتی محمد سفیان سے اظہارِ تعزیت کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا مرحوم کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

☆ **حضرت مفتی محمد حسن کی والدہ ماجدہ رحمہا اللہ:** عالمی مجلس تحفظِ ختم نبوت لاہور کے امیر اور شبانِ ختم نبوت پاکستان کے سرپرست حضرت مفتی محمد حسن مدظلہٗ کی والدہ ماجدہ ۲۲؍ جولائی ۲۰۱۶ء کو رحلت فرما گئیں۔

قائد احرار مولانا سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ اور دیگر احرار رہنماؤں نے حضرت مفتی محمد حسن اور مولانا قاضی ارشد الحسینی سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومین کے لیے دعاء مغفرت کی ہے اور مدرسہ معمورہ میں ایصال ثواب کا اہتمام کیا ہے

☆ **حضرت قاضی محمد ارشد الحسینی مدظلہٗ کی والدہ ماجدہ رحمہا اللہ:** معروف روحانی شخصیت حضرت مولانا قاضی محمد ارشد الحسینی دامت برکاتہم (مدنی مسجد اٹک) کی والدہ ماجدہ دو ماہ قبل انتقال فرما گئیں۔

☆ **مفتی احتشام الحق آسیا آبادی کی شہادت:** آسیا آباد، تربت بلوچستان کے معروف اور بہادر عالم دین، مفتی احتشام الحق آسیا آبادی اور ان کے بیٹے کو ۲۴؍ جولائی ۲۰۱۶ء کی شام نامعلوم سفاک موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم انتہائی متحرک اور جرأت مند عالم دین تھے۔ انھوں نے اپنے علاقے میں دعوت و تعلیم دین کے لیے عظیم الشان محنت کی اور اسلام کے خلاف اٹھنے والے فتنوں کا جواں مردی سے مقابلہ کیا۔ ذکری فتنہ کے خلاف ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ قادیانیت کے خلاف محاذ پر تمام عمر استقامت کے ساتھ کھڑے رہے۔ سیاسی طور پر جمعیت علماء اسلام



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے وابستہ تھے اور بہت متحرک تھے۔ سیاسی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ اپنے اصل مشن اور مقصد تحفظ ختم نبوت کے لیے ہر وقت بیدار، بے قرار اور مضطرب رہتے۔ بلوچستان میں فتنۂ قادیانیت کے تعاقب میں وہ مولانا شمس الدین شہید رحمتہ اللہ علیہ کے بعد سب سے نمایاں شخصیت تھے۔ مجلس احرار اسلام کے امیر مولانا سید عطاء المہیمن بخاری، سید محمد کفیل بخاری، عبداللطیف خالد چیمہ اور دیگر رہنماؤں نے مولانا کی شہادت کو دینی حلقوں کا بڑا نقصان قرار دیا ہے۔ انھوں نے قیام امن کا راگ الاپنے والے حکمرانوں سے مطالبہ کیا ہے کہ مفتی احتشام الحق شہید کے قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے قرارِ واقعی سزا دی جائے اور انھیں عبرت کا نشان بنایا جائے۔ اللہ تعالیٰ مفتی صاحب شہید اور ان کے شہید فرزند، دونوں کے درجات بلند فرمائے (آمین)۔

☆ اسلام آباد میں برادرم مسعود اشفاق کے چچازاد محمد ضیاء 17۔ جولائی اتوار کو چیچہ وطنی میں انتقال کر گئے۔

☆ چیچہ وطنی کے چک نمبر 6-11 ایل میں محمد نعمان بھنڈر 17۔ جولائی اتوار کو ایک روڈ حادثے میں انتقال کر گئے۔

☆ چیچہ وطنی کے چک نمبر 6-11 ایل میں محمد عاطف نت اور محمد ارشد نت یکم جولائی کو انتقال کر گئے۔

☆ اوکاڑہ میں مشہور خوش نویس اور ماہر طباعت شاہد جاوید 14۔ جولائی جمعرات کو انتقال کر گئے، جامعہ رشیدیہ ساہیوال کے مہتمم مولانا کلیم اللہ رشیدی کے برادرِ نسبتی تھے، دینی اداروں کا کام نہایت دلچسپی سے اِنتہائی معیار کے ساتھ کرواتے، حاجی عبداللطیف خالد چیمہ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات تھے، نماز جنازہ میں شیخ مظہر علی ناظم جماعت نے ہماری نمائندگی کی، بعدازاں سید محمد کفیل بخاری اور عبداللطیف خالد چیمہ نے جامعہ رشیدیہ ساہیوال میں مرحوم کے متوسلین سے اظہار تعزیت کیا۔

☆ ساہیوال میں ہمارے مہربان قاری بشیر احمد رحیمی کے بہنوئی اور مولانا محمد ندیم (خطیب مسجد نور رھائی سٹریٹ) کے والد گرامی جناب بشیر احمد' انتقال 8/ جولائی جمعتہ المبارک۔

☆ چیچہ وطنی میں ہمارے قدیم معاون محمد خالد شریف' انتقال 23/ جولائی ہفتہ۔

☆ چیچہ وطنی جماعت کے سابق صدر محمد افضل خان کے پوتے اور محمد فیاض خان (چک نمبر 15-11 ایل) کے بیٹے گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔

☆ چیچہ وطنی کے چک نمبر 42-12 ایل کے مقیم حافظ محمد یوسف ہزاروی' انتقال 4/ رمضان المبارک 10/ جون جمعتہ المبارک۔

اللہ تعالیٰ' تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے، قارئین تمام مرحومین کے لیے دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔

## دعاءِ صحت

☆ مجلس احرار اسلام کے مرکزی رہنما ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المومن بخاری دامت برکاتہم گزشتہ کئی سال سے صاحب فراش ہیں۔

☆ مدیر نقیب ختم نبوت سید محمد کفیل بخاری کی پھوپھی صاحبہ اور سید محمد اویس بخاری کی والدہ شدید علیل ہیں۔

☆ خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند گرامی جناب خواجہ رشید احمد صاحب گزشتہ کئی ماہ سے کومے کی حالت میں ہیں۔

☆ مدرسہ معمورہ کا سابق طالب علم محمد اویس سنجرانی گزشتہ چند ماہ سے شدید علیل ہے

احباب و قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عطاء فرمائے۔ آمین (ادارہ)



© rasailojaraid.com